جانے والے ان تین آدمیوں میں سے ایک ہیں جن پر عتاب ہوا۔ ان کے علاوہ دو یہ تھے۔ کعب بن مالک اور مرارہ بن الربیع۔ پچاس دن تک ان تینوں کا مقاطعہ رہا اور کوئی ان سے بات تک نہ کرتا تھا۔ آخر اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمائی اور سورۂ توبہ کی آیات ۱۱۷۔۱۱۹ نازل ہوئیں۔ فتح مکہ کے موقع پر بنی واقف کا جھنڈا ان ہی کے پاس تھا۔

**هَمَدَانُ (بنو) کا وفد**: یہ وفد ۹ھ میں اس وقت آیا کہ جب آپ غزوہ تبوک سے واپس تشریف لائے۔ وفد میں مالک بن نمط، مالک بن ایفع، ضمام بن مالک اور عمرو بن مالک بھی تھے، ان لوگوں نے دھاری دار یمنی چادریں اور عدنی پگڑیاں باندھ رکھی تھیں اور ارجبی اور مہری اونٹنیوں پر سوار تھے۔ آپ ﷺ نے ایک تحریری فرمان کے ذریعے ان کو وہ جاگیریں عطا فرمائیں جو انہوں نے مانگی تھیں اور حضرت مالک بن نمط کو ان کا امیر مقرر فرمایا۔

**ھند بن ابی امیة**: دیکھئے ام سلمہ ام المومنین۔

**ھند بن حارثة الاسلمی**: اپنے سات بھائیوں کے ساتھ اسلام میں داخل ہوئے۔ حضرت انس بن مالک کے ساتھ ہند اور اس کا بھائی اسماء بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتے تھے۔ جیسا کہ ابو ہریرہ کی روایت میں ہے ہند اور اسماء، دونوں اصحاب صفہ میں سے ہیں۔

**ھند بنت عتبه بن ربیعه القرشیه**: حضرت معاویہ بن ابی سفیان کی والدہ اور حضرت ابوسفیان کی زوجہ۔ یہ وہی ہند ہے جس نے احد کے موقع پر حضرت حمزہ کا جگر نکال کر چبایا تھا۔ فتح مکہ کے دن آپ نے جن عورتوں کے قتل کا حکم دیا یہ بھی ان میں شامل ہیں۔ یہ آپ کو بہت ایذا دیتی تھیں۔ فتح مکہ کے موقع پر آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر معذرت کی اور اسلام قبول کیا اور گھر جا کر تمام بتوں کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور کہا کہ خدا کی قسم تمہاری ہی وجہ سے ہم دھوکے میں تھے۔

## باب الیا

**یامین بن عمیر**: بنونضیر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک معاہدہ کیا تھا۔ لیکن انہوں نے حسب عادت اس معاہدے کو توڑ دیا۔ چناں چہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مدینے میں اپنی جگہ ابن ام مکتوم کو مقرر فرما کر بنونضیر کی طرف روانہ ہوگئے۔ جب آپ نے حملے کا ارادہ کیا تو بنی نضیر اپنے قلعوں کی دیواروں پر چڑھ کر پتھر اور تیر برسانے لگے۔ اگلے روز حیی نے پیغام بھیجا کہ جو کچھ آپ چاہتے ہیں وہ ہم دینے کو تیار ہیں اور ہم آپ کے شہر سے نکل جائیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ آج اس کو منظور نہیں کرتا البتہ زرہ اور اسلحے کے علاوہ جتنا سامان اونٹ پر

لا دسکتے ہو وہ لے جاؤ اور اپنے گھروں سے نکل جاؤ۔ حیی نے اس سے انکار کیا۔ یامین اور ابو سعید بن وہب یہ کیفیت دیکھ کر رات کے وقت قلعے سے نیچے اتر آئے اور مسلمان ہو گئے۔

**یَتِیب:** مدینے کے مشرق میں ایک پہاڑ۔ اس کا ذکر غزوۃ سویق میں آتا ہے۔ مزید دیکھئے تِیاب۔

**یُرَاحِم:** النقیع میں ایک تالاب جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تھا۔

**الیَسِیْرَۃُ:** دیکھئے العَسِیْر۔

**الیُسْرَی:** لِیَّۃ اور نخب کے درمیان ایک ٹیلہ۔ اس کا نام الضَّیُقَۃُ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ناپسند فرمایا اور اس کا نام الیُسْرٰی رکھ دیا۔ اس کا ذکر غزوۂ طائف میں آتا ہے۔

**الیَعْمَلَۃُ:** الرَّبَذَۃُ کے جنوب میں ایک جگہ۔ الرَّبَذَۃُ اور الیعملۃ کے درمیان سونے کی کان، ایک وادی اور ایک پہاڑ ہے۔

**یوم لُبَن:** زمانہ جاہلیت کی عرب لڑائیوں میں سے ایک لڑائی۔

**یوم الھَبَاءَ ات:** عرب کی لڑائیوں میں سے ایک مشہور لڑائی۔

**یوم الیَعْمَلَۃُ:** عرب کی لڑائیوں میں سے ایک لڑائی۔


# مرکزِ صوت کی اہم پیشکش

## قرآنِ حکیم

تین آڈیو سی ڈیز میں مکمل قرآنِ حکیم، تلاوت و ترجمہ

تلاوت و ترجمہ: حافظ سید فضل الرحمٰن — آواز: سید عزیز الرحمٰن

## مرکزِ صوت

خواجہ حسن ناصر، ڈی ۱۰۷۔ فرحان ٹاور

گلستانِ جوہر، کراچی۔ فون: ۰۳۰۱۔۲۹۲۳۲۲۹

# فہرست جدید کتبِ سیرت

## ۲۰۰۸ء تا ۲۰۰۹ء

حافظ محمد عارف گھانچی ☆

آپ ﷺ کے لیل و نہار/ مولانا مشتاق احمد و مولانا امان اللہ/ کمرہ نمبر ۱۰، دوسری منزل، گلشن ٹیرس، جامع کلاتھ، کراچی، ۲۰۰۸ء/ ۲۵۴ص

آداب الرسول ﷺ/ صوفی محمد ابوالبشیر/ قادری رضوی کتب خانہ، لاہور، ۲۰۰۸ء/ ۱۶۰ص

آفتاب نبوت کی کرنیں/ عبدالمالک مجاہد/ دارالسلام، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۳۹۹ص

آئینہ جمال و کمال محمد ﷺ/ مفتی محمد ارشاد القاسمی/ دار المطالعہ، بہاول پور، ۲۰۰۸ء/ ۴۴۸ص

اسلامی معلومات/ عثمان بلوچ/ شمع بک ایجنسی، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۹۶ص

اسلامی معلومات/ منزہ ضیاء/ شمع بک ایجنسی، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۴۹۶ص

بیماریاں اور ان کا علاج مع طب نبوی ﷺ/ مولانا مشتاق احمد و مولانا امان اللہ/ کمرہ نمبر ۱۰، دوسری منزل، گلشن ٹیرس، جامع کلاتھ، کراچی، ۲۰۰۸ء/ ۳۱۰ص

پیارے محمد ﷺ کی پیاری دعائیں/ آصف حسین/ شمع بک ایجنسی، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۴۸ص

پیغمبر اسلام ﷺ اور رزق حلال/ حکیم محمود احمد ظفر/ تخلیقات، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۲۸۸ص

پیغمبر انقلاب ﷺ/ مولانا وحید الدین خان/ دار التذکیر، لاہور، ۲۰۰۸ء/ ۱۹۲ص

پیغمبر رحمت ﷺ/ ڈاکٹر سعید بن علی/ مترجم: حافظ محمد امین/ دارالسلام، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۴۶۱ص

تربیت اولاد کا نبوی انداز اور اس کے زریں اصول/ محمد نووی عبدالحفیظ/ مترجمین: لجنۃ المصنفین، لاہور/ دار القلم، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۴۷۵ص

تعلیمات نبوی اور جدید علم نفسیات/ مولانا ہارون معاویہ/ بیت العلوم، لاہور، ۲۰۰۸ء/ ج ا،

---

☆ مدیر: جہانِ سیرت، کراچی۔ منتظم: بیت السیرۃ لائبریری، لی مارکیٹ، کراچی۔

۵۶۸ص ۔ ج ۲، ۵۱۰ص

حضرت سید الانبیاء علیہ السلام اور آپ ﷺ کی امتیازی خصوصیات/ سید منظور احمد شاہ/ مکتبہ وخانقاہ نقشبندیہ، ٹنڈو آدم، ۲۰۰۸ء/ ۶۷۸ص

حلیہ شاہ عالم امکان ﷺ / محمد افضل قادری/ اعظمی پبلشرز، لیاقت آباد، کراچی، ۲۰۰۸ء/ ۴۹ص

خاتم المرسلین ﷺ / افادات: ضیاء الرحمن فاروقیؒ ۔ مرتب: محمد ندیم قاسمی/ مکتبہ سید احمد شہید، سیالکوٹ، ۲۰۰۸ء/ ۳۵۱ص

خطابت نبوی/ سید عزیز الرحمان/ زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۲۸۴ص

خوراک نبوی ﷺ اور علم نفسیات/ مولانا محمد ہارون معاویہ/ دارالاشاعت، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۶۴۰ص

خیر البشر ﷺ کے ۱۲ خادمان خاص/ طالب الہاشمیؒ/ طٰہٰ پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۳۳۶ص

دلائل النبوۃ/ امام بیہقیؒ/ مترجم: مولانا محمد اسماعیل الجاروی/ دارالاشاعت، اردو بازار، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ج ۱، ۵۹۷ص ۔ ج ۲، ۸۰۶ص ۔ ج ۳، ۵۱۲ص

رحمۃ للعالمین ﷺ کی دعائیں/ محمد سلیم صدیقی/ گوہر پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۲۷۶ص

رسول اکرم ﷺ کی مسکراہٹیں اور آنسو مع سیرت پر ایک نظر/ مولانا عبد الغنی طارق/ طیب پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۲۲۴ص

رسول اکرم ﷺ کی ازدواجی زندگی/ مولانا محمد روح اللہ/ مکتبۃ الشیخ، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۳۱۶ص

رسول اللہ ﷺ میدان جہاد میں/ احسان بی ۔ اےؒ/ نگارشات، لاہور، (طبع جدید) ۲۰۰۸ء/ ۳۲۴ص

رسول اللہ ﷺ کی حکایات/ اقبال احمد مدنی/ شمع بک ایجنسی، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۶۴ص

رسول اللہ ﷺ کی سیاسی زندگی/ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ/ نگارشات، لاہور، (طبع جدید) ۲۰۰۸ء/ ۳۰۸ص

رسول خدا ﷺ کا طریقہ تربیت/ مولانا سراج الدین ندوی/ اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۸ء/ ۱۱۲ص

روز محشر اور شان مصطفےٰ ﷺ / ڈاکٹر محمد طاہر القادری/ منہاج القرآن، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۱۵۴ص

روئیے میرے حضور ﷺ کے/ امیر حمزہ/ دارالاندلس، ۲۰۰۹ء/ ۲۲۴ص

سرکار دو عالم ﷺ / اقبال احمد مدنی/ شمع بک ایجنسی، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۹۶ص

سکون دل کے نبوی راستے/ مولانا محمد ارسلان بن اختر/ مکتبہ ارسلان، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ج ۱، ۴۸۰ص ۔ ج ۲، ۵۴۷ص